دفتر برائے تعلقات عامہ و میڈیا کوآرڈی نیشن

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی

14/02/2019

پریس ریلیز

# جامعہ میں ڈیمسٹی فائنگ اسٹاک مارکیٹ پر ورکشاپ

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈپارٹمنٹ آف اکامرس اینڈ بنیس اسٹڈیز کی جانب سے ڈیمسٹی فائنگ اسٹاک مارکیٹ پر ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ کرن جیت کور ڈائریکٹر بنیس ڈیولپمنٹ ورکشاپ کی منتظم تھیں۔ اس رکشاپ میں تقریبا 100 طلبہ نے شرکت کی۔ یہ پروگرام کرن جیت کور کے ہی ایماء پر منعقد ہوا جو اس شعبہ کی سربراہ بھی ہیں۔

اس موقع پر افتتاحی اجلاس سے ڈاکٹر نصیب احمد نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے معیت میں اسٹاک مارکیٹ کی اہمیت اور ضرورت پر روشنی ڈالی۔ وہیں کرن جیت نے بھی حصہ داری کی اہمیت اور متعدد جگھوں پر اپنی رقم محفوظ طریقے سے کیسے انویسٹ کریں اس پر روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا یہ وقت کی اہم ضرورت ہے کہ ہم اس بارے میں معلومت حاصل کریں کہ بہتر انداز میں سرمایہ کاری کیسے کی جائے اور اس کو محفوظ کس طرح بنایا جائے۔

ورکشاپ میں سوال جواب کا سیشن بھی رکھا گیا جس میں شرکاء نے ماہرین سے اس میدان کے بارے میں باریکیوں کی بابت معلومات حاصل کی اور سوال جواب میں ماہرین نے تفصیل سے اس پر روشنی ڈالی۔ انیردھ سہائے شعبہ کے ریسرچ اسکالر کے کلمات تشکر سے ورکشاپ کا اختتام عمل میں آیا۔

احمد عظیم

عوامی تعلقات افسر اور میڈیا کوآرڈینیٹر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی